22/03/2025

12.30 PM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ  اعجازہ اختر سے خبریں سُنئے

جتندر سنگھ

سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتندر سنگھ نے کہا ہے کہ بھارت کی بائیو اکانومی میں سولہ گناترقی درج ہوئی ہے اور یہ ملک کی مجموعی گھریلو پیدا وار کا چار اعشاریہ دو پانچ فیصد ہے۔

ان باتونکا اظہار انہوننے بائیو ٹیکنالوجی انڈسٹری ریسرچ اسسٹنس کونسل کے 13ویں یوم تاسیس کے موقعہ پر انڈیا بائیواکانومی رپورٹ جاری کرنے کے بعد کیا۔

ایل جی ملاقات

چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری جموں کے سیکریٹری جنرل منیش گپتا نے کل راج بھون جموں میں لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کی ۔ اس دوران S.S جین سبھا کے جنرل سیکریٹری سندیپ جین کی قیادت میں سبھا کے ایک وفد نے بھی ایل جی کے ساتھ ملاقات کی ۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ پریس کلب سرینگر کو عنقریب بحال کیا جائے گا ۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہا ہے کہ اس معاملے کو سیاسی رنگت دئے جانے کی اجازت نہیں دی جائے گی ۔

انہوں نے مزید کہا ہے کہ پریس کلب کو صحافیوں کے سپرد کرنا آزادی

---

ٔصحافت کی جانب ایک بڑا قدم ہو گا ۔

ورلڈ واٹر ڈے

آج ورلڈ واٹر ڈے منایا جا رہا ہے ۔ اس دن کو منانے کا مقصد پانی کی اہمیت اور اس کو تحفظ فراہم کرنے سے متعلق بیداری پیدا کرنا ہے ۔ اس برس ورلڈ واٹر ڈے کا موضوع " Glacier Preservation " ۔ ہے

کی مناسبت سے Earth Hour اس دوران آج رات ساڑھے آٹھ بجے سے ساڑھے نو بجے تک اہم تنصیبات میں غیر ضروری بجلی بند رکھی جائے گی ۔

لیفٹنٹ گورنر

ورلڈ واٹر ڈے کے سلسلے میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے اپنے ایک پیغام میں کہا ہے کہ ہم سب کو صاف اور محفوظ پانی کی فراہمی یقینی بنانے کے لئے اپنا رول ادا کرنا چاہئے ۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ایل جی نے روشن مستقبل کے لئے آبی ذخائر کو تحفظ فراہم کرنے اور پانی کے منصفانہ استعمال کی ضرورت پر زور دیا ہے ۔ انہوں نے کہا ہے کہ پانی بقائے حیات کے لئے ایک لازمی جُز ہے ۔

تھانہ دِوس

تھانہ دِوس پروگرام کے تحت پولیس کے ڈائریکٹر جنرل نلِن پربھات نے کل پولیس سٹیشن کیلر پلوامہ میں ایک عوامی دربار کے دوران لوگوں کو در پیش مسائل کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے لوگوں کو یقین دلایا کہ ان کے مسائل بلا کسی تاخیر کے حل کئے جائیں گے ۔

کشمیر وی کے بردی اور پولیس کے دیگر اعلیٰ افسران بھی موجود تھے ۔ IGP اس موقعہ پر

منشیات

پولیس نے منشیات مخالف کارروائی جاری رکھتے ہوئے طارق احمد لون ساکنہ سٹکی پورہ اننت ناگ اور گلزار احمد راتھرساکنہ بجبہاڑہ نامی دو بد نام زمانہ منشیات فروشوں کی 75لاکھ روپے مالیت کی جائیداد قرق کی ہے۔

اس دوران پولیس نے منشیات کے کاروبار میں ملوث اشفاق احمدمیر ساکنہ سرہامہ اننت ناگ اور غلام نبی وگے ساکنہ گنڈی پورہ قاضی گنڈ کو گرفتار کیاہے۔

شہادت

آج امیر المومنین حضرت علی المرتضیٰ ؓ کی شہادت کا دن ہے ۔ اس سلسلے میں آج وادی کی مساجد اور خانقاہوں میں دینی مجالس کا اہتمام ہو گا جس دوران علماءحضرت علی ؓ کی سیرت بیان کریں گے ۔

سب سے بڑا اجتماع آثار شریف درگاہ حضرت بل میں ہو گا جہاں آج نماز پنجگانہ کے بعد موئے مقدس آنحضور ﷺ کی زیارت کرائی جا رہی ہے ۔

آج سے ہی ماہ رمضان کے آخری عشرے ” عشرہ نجات“ کا آغاز ہورہا ہے ۔

KVIB

کھادی اینڈ ولیج انڈسٹریز بورڈ کے بارہمولہ یونٹ کو پردھان منتری روزگار پروگرام اور جموں کشمیر دیہی روزگار جنریشن پروگرام کے صد فیصد اہداف حاصل کرنے پر اعزا ز سے نوازا گیا ہے ۔ بورڈ کے حکام نے بارہمولہ کے ڈپٹی کمشنر منگا شیر پا اور ضلع یونٹ کے اہلکاروں کو اس کامیابی پر مبارک باد دی ہے ۔

اکنو

اندرا گاندھی نیشنل اوپن یونیورسٹی نے اوپن اور فاصلاتی نظام کے تحت تمام نوٹیفائیڈ یا ignou.ac.in پروگراموں کیلئے داخلے کی تاریخ 31 مارچ 2025 تک بڑھا دی ہے۔ تفصیلات پر حاصل کی جا سکتی ہیں۔ rcsrinagar.ignou.ac.in

امتحانات 2 جون سے شروع ہوں گے۔ End دریں اثنا یونیورسٹی کے جون 2025 کے ٹرم

IPL

انڈین پریمئر لیگ کرکٹ ٹورنامنٹ کا 18 واں شمارہ آج سے شروع ہو رہا ہے ۔ آج افتتاحی میچ میں لیگ کے دفاعی چمپئین کولکتہ نائٹ رائڈرس کا مقابلہ رائل چیلنجرس بنگلورو سے ہو گا ۔ IPL یہ میچ شام ساڑھے سات بجے کولکتہ کے ایڈن گارڈنز میں کھیلا جائے گا ۔ واضح رہے کہ کا فائنل میچ لیگ کی 25 تاریخ کو ہو گا ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ